رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلور سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
NEW DELHI (DAAK) Pages: 12 ₹ 4/- Vol:24 Issue :8902
سال:24 شمارہ نمبر:8902 11/ذی القعدہ 1445ھ پیر «یعنی مکمل سچ» •ایثار •فرض شناسی •حب الوطنی
Monday 20 May 2024

نورامنٹ تیل وکریم
جوڑوں کا درد، کمر درد، چوٹ، موچ، سوجن، وغیرہ میں تیز اثر و کامیاب دوا
امن ورما اداکار
امرت سنجیونی
Rahat HERBAL
خواتین کی عام کمزوری، بھوک کی کمی، کمر و پیڈو کا درد، خون کی کمی، تھکاوٹ، چکر آنا، وزن کم ہونا۔
گیس و بدہضمی سے پریشان تو لیجئے
ڈایزک سیرپ
فوراً آرام
گیس و بدہضمی قبض، پیٹ درد، بھوک کی کمی، کھانا نہ پچنا، پیٹ و سینے میں جلن
نینی کا مشہور نورانی تیل
ایڈوانس فارمولا
جوڑوں کا درد، کمر درد، چوٹ، موچ، سوجن، وغیرہ میں نہایت تیز اثر و کامیاب دوا
RAHAT HERBAL INDUSTRIES Roorkee, Haridwar, Uttrakhand Email : care@rahatgroup.com Sales Enquiry - Kamlesh Singh, (Sales Manager) 9935019690 (10 am to 6 pm)

ترنمول کانگریس، کانگریس اور بایاں محاذ کے پاپ ایک جیسے

کرپشن کرنے والوں کے بنگلے اور گاڑیاں فروخت ہوں گی اور ساری زندگی جیل میں رہیں گے ❑ شہزادے کی زبان نکسلیوں والی: مودی

بشنو پور / جمشیدپور، (ایجنسیاں)

وزیراعظم نریندر مودی نے اتوار کو مغربی بنگال کے بشنو پور اور پرولیا میں عوامی جلسوں کو خطاب کیا۔ وزیراعظم نے اس سے پہلے بشنو پور میں ایک روڈ شو کیا۔ انہوں نے نے کہا کہ ٹی ایم سی ہو یا کانگریس ہو یا بایاں محاذ، یہ تینوں پارٹیاں الگ الگ نظر آتی ہیں، لیکن ان کے پاپ ایک جیسے ہیں۔ اسی لیے انہوں نے مل کر انڈی اتحاد بنایا ہے، وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ انھوں نے (ٹی ایم سی، کانگریس اور بایاں محاذ نے ہمیشہ غریبوں، مزدوروں، اسی سی۔ ایس ٹی اور خواتین کیلئے نعرے دیے۔ انہوں نے بنگال بھی حکومت کی، ان ریاستوں کو غریب بنا کر چھوڑ دیا، مغربی بنگال اس کی جدوجہد میں مثال ہے۔ کبھی دوسری ریاستوں کے لوگ روزگار کیلئے بنگال آتے تھے، آج وہ کام کیلئے بنگلورو سے پورے بنگال میں نقل مکانی کر رہے ہیں۔ ٹی ایم سی، کانگریس اور بایاں محاذ کا مال تر قی پر مبنی نہیں ہے۔ وہ غلط تحریر، بدعنوانی، خوشامد اور خاندانی سیاست (خاندانی) کے ماڈل پر کام کرتے ہیں۔ میں اب کہہ رہا ہوں کہ مودی آپ کو ایک اور گارنٹی دے رہے ہیں۔ 4 جون کے بعد جب ہم نئی سرکار بنائیں گے تو کرپٹ لوگوں کو ساری زندگی جیل میں گزارنی پڑے گی۔ وزیراعظم مودی نے ٹی ایم سی کو پی ہو یا کانگریس کے طوفان نے ٹی ایم سی کی دہشت سے تمام ٹھکانوں کو تباہ کرنا شروع کر دیا ہے، اس لیے بنگال میں ٹی ایم سی کے لوگ زیادہ بے چین ہیں، لوگوں سے بی جے پی کو ووٹ دینے کی اپیل کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اب بہت ہو گیا ہے ایک اور حملے کی ضرورت ہے۔ بنگال میں ٹی ایم سی کی دہشت اور بدعنوانی کے خلیفہ کو وہ دفن کرنے میں زیادہ دیر نہیں لگے گی۔ بنگال کی ممتا بنرجی حکومت پر الزام لگاتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ٹی ایم سی کی خوشامد نے بنگال کی آبادی مکمل طور پر چاٹ کر رکھ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ایم سی ملک کی دوسری ریاستوں کے لوگوں کو باہری کہتی ہے، لیکن وہ تمپر اور دراندازوں کو اپنا مانتی ہے۔ یہ دراندازی بنگال میں آبادی کا توازن بگاڑ رہے ہیں، ہندو بہت سے علاقوں میں اقلیت میں ہو گئے ہیں، وہ دولتوں اور بہسامد لوگوں کی زمینوں پر قبضہ کر رہے ہیں، وزیر اعظم نے الزام لگایا کہ ٹی ایم سی دراندازوں کا خیر مقدم کرتی ہے لیکن جو ہندو اقلیتیں تشدد کا شکار ہیں، ان کی حفاظت کرتی ہے، میں نے دعدہ کیا تھا کہ میں ان پناہ گزین خاندانوں کو شہریت دوں گا، وہ سب سے توقع کر رہے ہیں، لیکن ٹی ایم سی ان کی مدد ابھی اسے ان کی مخالفت کر رہی ہے اور کہہ رہی ہے کہ ہم اسے لاگو نہیں ہونے دیں گے۔ ٹی ایم سی، کانگریس اور بایاں محاذ کے لوگ لکھ لیں کہ جب تک مودی زندہ ہیں وہ کچھ نہیں کر سکیں گے۔ اجودھیہ پور کے گھاٹ شیلا میں وزیراعظم نے کہا کہ کانگریس۔ یہ ایم ایم کو دیکھ کر بھی معلوم نہیں ہے۔ جھارکھنڈ ریاست اتنی امیر ہے، لیکن یہاں کے لوگ غریب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہزادے کی زبان نکسلیوں والی ہے۔

گجرات میں 1100 سے زائد مدارس کا کیا جارہا ہے سروے

احمدآباد، (ایجنسیاں)

نیشنل کمیشن فار پروٹیکشن آف چائلڈ رائٹس کے حکم کے بعد گجرات کے 1100 سے زیادہ مدارس کا سروے کیا جارہا ہے۔ احمدآباد شہر اور دیہی علاقوں کے کل 205 مدارس کا سروے جاری ہے۔ احمدآباد کے دریا پور میں مدرسہ کا سروے کرنے آئی ٹیم پر بھیڑ نے حملہ بھی کر دیا، جب سروے ٹیم پہنچی تو مدرسہ بند تھا۔ دریں اثنا، احمدآباد کے دریا پور کی سلطان سید مسجد کے باہر بھیڑ نے سروے ٹیم کو گھیرا اور حملہ کیا۔ جس کے بعد دریا پور تھانے میں شکایت درج کرائی گئی۔ سرکاری کام میں رکاوٹ ڈالنے اور لوٹ مار کے الزام میں کارروائی کی گئی ہے۔ فرحان اور فیصل کے خلاف ایف آئی آر کے ساتھ تھانے میں 5 لوگوں اور 35 سے زیادہ لوگوں بھیڑ کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ سروے ٹیم میں شامل ٹیچر راکیش پاٹھ نے کہا کہ یہ انتہائی افسوسناک واقعہ ہے۔ آج جب ٹیم اس کا سروے کرنے دریا پور پہنچی، تو اس پر حملہ کیا گیا۔ حکومت کے حکم کے بعد ہم یہاں سروے کرنے آئے تھے، لیکن جس طرح ہمارے ساتھ یہ واقعہ ہوا ہے، ہمیں سیکورٹی ملنی چاہیے۔ الیکشن کا وقت چل رہا ہے اور ضابطہ اخلاق نافذ ہے۔ معاشرے میں اس طرح کے حساس معاملے کا رونما ہونا انتہائی افسوس ناک ہے۔ مدارس کے نقشے بنانے کے احکامات کے بعد مدارس میں سروے کیا جارہا ہے۔ مدرسہ میں پڑھنے والے بچوں کیلئے عام اسکول میں پڑھنا ضروری ہے یا نہیں، اس کیلئے کرے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات بھی دیے گئے ہیں۔ اس کے پیش نظر نیشنل کمیشن فار پروٹیکشن آف چائلڈ رائٹس نے 27 مئی کو گجرات کے چیف سکریٹری کو خط لکھا تھا جس کے بعد سروے کا کام شروع کیا گیا تھا۔

ہماری گارنٹی ہر شخص کے معاشی وسماجی تحفظ کی ڈھال: کھرگے

نئی دھلی، (یو این آئی)

کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے نے کہا ہے کہ کانگریس نے اپنے منشور میں جو 5 انصاف اور 25 ضمانت ملک کے شہریوں کو دینے کی بات ہے، اس میں سب کیلئے سماجی اور اقتصادی تحفظ کی مضبوط ڈھال ہے۔ مسٹر کھرگے نے آج ایک بیان میں کہا کہ کانگریس کا 5 انصاف اور 25 ضمانتوں کا ایجنڈا ہندوستان کے ہر شہری کو اقتصادی اور سماجی تحفظ کی مضبوط ڈھال فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے وعدہ کیا ہے کہ آنے والی سرکار 30 لاکھ سرکاری آسامیاں بھر کر صرف نوجوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی بلکہ ایک دہائی کے دوران ریزرویشن ایس سی، ایس ٹی، او بی سی، ای ڈبلیو ایس کے ریزرو عہدوں کو بھی پر کرے گی اور نوجوانوں کی جب اوقتی پرسوال اٹھانے والی آئی ٹی ہب یونیورسٹی کو بھی بند کرے گی۔ مسٹر کھرگے نے کہا کہ مہالکشمی گارنٹی کے تحت غریب خواتین کے کھاتوں میں 8500 روپے ماہانہ براہ راست منتقل کیے جائیں گے، تاکہ وہ بڑھتی ہوئی مہنگائی سے لڑسکیں اور کچھ رقم بچا کر مالی طور پر خود کفیل بن سکیں۔ اب 25 لاکھ روپے کا مفت علاج کسی بھی عورت کو اپنے زیورات گروی رکھنے پر مجبور نہیں کرے گا۔ کسانوں کی آمدنی بڑھانے کیلئے، اہم ایس پی کی قانونی ضمانت، ان پٹ پر بی ایس ٹی کو بنانا اور منصفانہ مدد کی بڑی پالیسی ایک دور رس قدم ثابت ہوگا۔ مزدوروں کیلئے ہم از کم اعزازیہ 400 روپے یومیہ، فوڈ سیکورٹی ایکٹ میں اناج کو 5 کلو سے 10 کلو کرنا ہمک و ترکنا، شہری روزگار گارنٹی اور غیر منظم شعبے کے کارکنوں کا سماجی تحفظ ایک تبدیلی کا قدم ہوگا۔ ذات پر مبنی مردم شماری کو ضروری قرار دیتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ ذات پر مبنی مردم شماری سے گنتی، پانی جنگل زمین کی قانونی تحفظ کی گارنٹی، چھوٹی جنگلاتی پیداوار پر ایم ایس پی کی ضمانت - حصہ داری انصاف سے برابری کا ایک نیا باب شروع ہوگا۔ کانگریس کو ملک کے لوگوں کا ساتھ بھرپور ساتھ ، کیونکہ ساتھ بدلے گا حالات۔

نریندر مودی نے ملک کی معیشت کوتباہ کردیا: راہل گاندھی

پریاگ راج، (یو این آئی)

کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے وزیراعظم نریندر مودی پر ملک کی معیشت کو ختم کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ملک کے 22 لوگوں کو کروڑ پتی بنایا ہے۔ سماج وادی پارٹی اور کانگریس اتحاد کی مشترکہ طور سے اتوار کو پریاگ راج کے الہ آباد پارلیمانی حلقے کے کوٹھ میں عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مودی نے ملک کے 22 لوگوں کو ارب پتی بنایا ہے۔ اٹھارا تھا ملک کے غریب گھر سے ایک خاتون کے کھاتے میں ہر مہینے 8 ہزار 500 روپے ڈال کر کروڑ پتی بنانے کا کام کر گئی۔ انہوں نے کہا کہ آج آئین خطرے میں ہیں تو اسے ہر حال میں بچانا ہوگا۔ بی جے پی اور آر ایس ایس اس پر حملہ بول رہا ہے۔ امیدوار کا آئین، مہاتما گاندھی کا آئین، جواہر لال نہرو اور ہندوستان کے آئین کو کوئی بھی طاقت کو پار کرنے کی ہمت کسی میں نہیں ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ ہندوستان کی سماجی تانا بانا کو نفرت مودی نے ختم کر دیا ہے۔ اٹھارا اتحاد کی حکومت آپ کے کھاتے میں 8 ہزار 500 روپے ڈالنے کا کام کرے گی۔ اتحادی مرکز سیکیم کو ڈرے دان میں بھیجنے کا کام کیا جائے گا۔ منریگا میں مزدوروں کو 200 روپے دہاڑی ملتی ہے، یہ بڑھا کر 400 روپے کریں گے۔ آگنن باری خواتین کو دوگنی اعزازیہ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کیلئے گنا، کپاس، آلو، ٹیوبر پر کسانوں کو پیلی بار کم از کم سہارا قیمت اور قرض معاف کرنے کا کام کریں گے۔ بے روزگار گریجویٹ کے بینک کھاتے میں سال کے ایک لاکھ روپے کے ساتھ روزگار کیلئے لاکھوں لوگوں کو اہل بنانے کیلئے ٹریننگ بھی دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس اور سماج وادی پارٹی کی پارٹنر شپ سے اور یہاں کے امیدوار کو 4 لاکھ سے زیادہ ووٹ سے جتانے کی اپیل کی۔ اس موقع پر اکھلیش نے بھی اپنے خطاب میں اس انگشتی کو بہبودیت بچانے کا ایک انقلاب قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف وہ لوگ ہیں، جو آئین کو ختم کرنا چاہتے ہیں اور دوسری طرف آئین کو بچانے والا انڈیا اتحاد ہے۔

ہیلی کاپٹر حادثے کا شکار ❑ ایران کے صدر رئیسی محفوظ

تہران، (ایجنسیاں)

ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کی جان اس وقت خطرے میں پڑ گئی جب ان کو لے جانے والے ہیلی کاپٹر کو اچانک سے لینڈنگ کی ضرورت پیش آگئی۔ ہیلی کاپٹر میں تکنیکی خرابی اور موسمی خرابی کی وجہ سے غیر مناسب جگہ پر ایمرجنسی لینڈ کرانی پڑی، اس دوران صدر کے قافلے سے رابطہ منقطع ہونے کی بھی خبر وائرل ہوئی اور یہ بھی خبر وائرل ہوئی کہ صدر رئیسی کا ہیلی کاپٹر کے ساتھ مزید دو ہیلی کاپٹر بارا جا رہا تھا، جس کو حادثہ پیش آیا ہے۔ اس دوران یہ بھی خبر گرش کرنے لگی کہ ابراہیم رئیسی کو لے جا رہا طیارہ تباہ ہو گیا ہے اور ابراہیم رئیسی کے حوالے سے کوئی خبر نہیں مل پا رہی ہے کہ وہ زندہ ہیں یا نہیں۔ البتہ ان تمام افواہوں پر اب فیکم لگاتے ہوئے ایرانی سرکاری نیوز ایجنسی نے وضاحت پیش کر دی ہے۔ فارس نیوز کی رپورٹ کے مطابق آج بروز اتوار مشرقی آذربائیجان کے شمالی علاقے میں دھند کے باعث صدر رئیسی کو ہیلی کاپٹر بارڈ لینڈ کا شکار ہوا، لینڈنگ کے بعد صدر رئیسی کا قافلہ زمینی راستے سے تبریز کیلئے روانہ ہو گیا۔ حالانکہ جس دوران کچھ لوگوں نے آیت اللہ الہ اشم سے بات کی، جو رئیسی کے ساتھ ہیلی کاپٹر میں تھے۔ رپورٹ کے مطابق صدر کو لے جانے والے ہیلی کاپٹر کو ورکان کے علاقے میں بارڈ لینڈ کا حادثہ پیش آیا۔ اس پورے معاملے پر ایران کے وزیر داخلہ وحیدی نے میڈیا ہاکاروں کو بتایا کہ صدر رئیسی کے قافلے کو حادثہ پیش آیا اور موسمی خرابی اور دھند کی وجہ سے ان کے ہیلی کاپٹر کی بارڈ لینڈنگ کرائی گئی۔ صدر کا قافلہ زمینی راستے سے تبریز کیلئے نکل پڑا ہے، ابتدائی طور پر ایسی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران کے وزیر داخلہ وحیدی نے میڈیا ہاکاروں کو بتایا کہ صدر رئیسی کے قافلے کو لے جانے والا ہیلی کاپٹر بارڈ لینڈنگ کا شکار ہوا، لینڈنگ کے بعد صدر رئیسی کا قافلہ زمینی راستے سے تبریز کیلئے روانہ ہو گیا۔ حالانکہ جس دوران کچھ لوگوں نے آیت اللہ الہ اشم سے بات کی، جو رئیسی کے ساتھ ہیلی کاپٹر میں تھے۔ رپورٹ کے مطابق صدر کو لے جانے والے ہیلی کاپٹر کو ورکان کے علاقے میں بارڈ لینڈنگ کا حادثہ پیش آیا۔ اس پورے معاملے پر ایران کے وزیر داخلہ وحیدی نے میڈیا ہاکاروں کو بتایا کہ صدر رئیسی کے قافلے کو حادثہ پیش آیا اور موسمی خرابی اور دھند کی وجہ سے ان کے ہیلی کاپٹر کی بارڈ لینڈنگ کرائی گئی۔ صدر